# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date : 19 March 2024

Time : 09.00 to 09.10 AM

# آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر

## علاقائی خبریں

تاریخ : ۱۹/مارچ ۲۰۲۴ء

وقت : صبح ۹.۰۰ سے ۹.۱۰ بجے

سب سے پہلے خاص خبروں کی سرخیاں ...

☆ سپریم کورٹ کی اسٹیٹ بینک آف انڈیا کو ہر انتخابی بانڈ کا نمبر عام کرنے کی ہدایت

☆ تمام سیاسی جماعتیں انتخابی قواعد وضوابط پر سختی سے عمل کریں ' ریاست کے چیف انتخابی افسر ایس چوک لِنگم کی اپیل

☆ شیوسینا اُدھو بالا صاحب ٹھاکرے پارٹی کے سربراہ اُدھو ٹھاکرے ناندیڑ اور ہنگولی کے 2/روزہ دورے پر

☆ اورنگ آباد لوک سبھا حلقے سے رکن پارلیمان اِمتیاز جلیل کو M I M کی جانب سے دوبارہ امیدواری

اور

☆ 62/ رویں ریاستی ڈرامہ مقابلے میں چھترپتی سنبھاجی نگر کے ڈرامے '' ناستی ٹُرشنا سمو ویادھی '' کو دوسرا انعام

### اب خبریں تفصیل سے...

سپریم کورٹ نے اسٹیٹ بینک آف انڈیا کو ہدایت دی ہے کہ وہ ہر انتخابی بانڈ کے نمبر کو عام کرے تاہم عدالت نے اپریل 2019ء سے قبل کی معلومات عام کرنے کے مطالبے کو مسترد کر دیا ہے۔ عدالت نے بانڈ کی تعداد ظاہر کرنے کا حکم دیتے ہوئے بینک سے کہا ہے کہ وہ جمعرات تک اِس حوالے سے حلف نامہ داخل کرے۔ عدالت نے انتخابی کمیشن کو مذکورہ معلومات ویب سائٹ پر شائع کرنے کی ہدایت دی۔

***** ***** *****

مرکزی انتخابی کمیشن نے چُناؤ کے پیشِ نظر چند اعلیٰ افسران کے تبادلوں کا حکم دیا ہے۔ اِن میں 6 ریاستوں یعنی گجرات ، اُتر پردیش ، بہار ، جھارکھنڈ ، ہماچل پردیش اور اُترا کھنڈ کے ہوم سیکریٹریز، میزورم اور ہماچل پردیش کے جنرل ایڈمنسٹریشن سیکریٹری ، ممبئی میونسپل کارپوریشن کے کمشنر اقبال سنگھ چہل ، ایڈیشنل کمشنر اور ڈپٹی کمشنر شامل ہیں۔ کمیشن نے اِن تمام تبادلوں سے متعلق آج شام 5 بجے تک رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت دی ہے۔ انتخابی کمیشن نے مغربی بنگال کے پولس ڈائریکٹر جنرل کے بھی تبادلہ کا حکم دیا تھا جس کے مطابق کارروائی کی گئی۔

***** ***** *****

ریاست کے چیف انتخابی افسر ایس چوک لنگم نے تمام سیاسی جماعتوں سے انتخابی قواعد پر سختی سے عمل کرنے کی اپیل کی ہے۔ موصوف کل ممبئی میں سیاسی جماعتوں کے نمائندوں کے ساتھ میٹنگ میں اظہارِ خیال کر رہے تھے۔ انھوں نے سیاسی جماعتوں کو 18 ویں لوک سبھا انتخابات کے لیے ریاست میں چُناؤ کے شیڈیول ، اِس کی تیاریوں ، انتخابی عمل کے قواعد وضوابط ، نامزدگی کے عمل اور اخراجات کی تفصیلی معلومات دی۔ انھوں نے تمام سیاسی جماعتوں کو کمیشن کی جانب سے ضروری تعاون کیے جانے کا یقین دلایا۔

***** ***** *****

چھترپتی سنبھاجی نگر کے ضلع کلکٹر دلیپ سوامی نے کہا ہے کہ رائے دہی کے فیصد میں ہونے والی کمی تشویشناک ہے۔ وہ لوک سبھا انتخابات کے پیشِ نظر آکاشوانی کو دیے گئے ایک خصوصی انٹرویو میں بول رہے تھے۔ انھوں نے تمام رائے دہندگان سے آئندہ انتخابات میں ووٹ دینے کی اپیل کی ہے۔ اِس انٹرویو کے دوران کلکٹر سوامی نے ضلعے میں انتخابی نظام ، رائے دہی مراکز پر سہولیات ، ضابطۂ اخلاق کی پابندی سے متعلق تفصیلی معلومات دی۔ چھترپتی سنبھاجی نگر کے ضلع اطلاعاتی افسر ڈاکٹر مِلند دوسانے کا انٹرویو کل بدھ کی صبح ساڑھے دس بجے ہمارے چینل سے نشر کیا جائے گا۔

***** ***** *****

پربھنی ضلع کلکٹر اور الیکشن ریٹرننگ افسر رگھوناتھ گاوَڑے نے ضابطۂ اخلاق کی خلاف ورزی کی صورت میں فوری طور پر مقدمہ درج کرنے کی ہدایت دی ہے۔ گاوَڑے کل پربھنی میں اِس خصوص میں طلب کی گئی میٹنگ سے خطاب کر رہے تھے۔ انھوں نے ہدایت دی کہ تمام انتخابی مراکز کا معائنہ کیا جائے اور اِس بارت کو یقینی بنایا جائے کہ وہ اچھی حالت میں ہیں اور تمام ضروری سہولیات سے لیس ہیں۔ گاوَڑے نے اِس موقعے پر انتخابی عملے کو ذمہ داری سے کام لینے اور تال میل برقرار رکھنے کا مشورہ دیا۔

***** ***** *****

محکمۂ صحت نے بتایا کہ ریاست میں 90/فیصد بچوں کو پولیو ٹیکہ اندازی مکمل کی گئی ہے۔ محکمہ کے مطابق ریاست میں ویکسینیشن کے تحت ایک برس میں 19/لاکھ 4/ہزار بچوں کے ہدف میں سے 17/لاکھ 9/بچوں کو ٹیکے لگائے گئے۔

***** ***** *****

مرکزی وزارت صحت کے ایڈیشنل سیکریٹری ایل ایس چانگ سان نے کہا ہے کہ ڈینگو کے واقعات میں اضافہ ہو رہا ہے اور اِس بیماری سے لڑنے کے لیے تمام شعبہ جات کی جانب سے مشترکہ کوششوں کی ضرورت ہے۔ موصوف کل نئی دہلی میں ڈینگو سے متعلق منعقد کی گئی کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے۔ انھوں نے محکمۂ صحت اور ٹاوَن پلاننگ کی تمام یونٹس سے مل کر ڈینگو سے بچاوَ کے لیے کام کرنے کی اپیل کی۔

***** ***** *****

تھانے پولس نے اُتر پردیش کے وارانسی ضلعے میں منشیات کے ایک کارخانے پر چھاپہ مار کر 2/افراد کو گرفتار کر لیا اور اُن کے قبضے سے 25/کلو ایم ڈی پاوَڈر ضبط کیا۔ جس کی مالیت 28/کروڑ روپے ہے۔ تھانے کے کاسار وڑوڑی علاقے میں گزشتہ 2/مہینوں کے دوران 4/افراد کو گرفتار کیا گیا۔ اُن سے ملی معلومات کی بنیاد پر تھانے پولس نے اُتر پردیش پولس کی خصوصی ایکشن فورس کے ساتھ مل کر یہ کارروائی کی۔

***** ***** *****

وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے نے کہا ہے کہ مہا یوتی میں انتخابی نشستوں کی تقسیم کا اعلان تامل میل کے بعد با وقار طریقے سے کیا جائے گا۔ وزیر اعلیٰ کل ممبئی میں اخباری کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے۔ انھوں نے تنقید کی کہ مخالف جماعتوں کے انڈیا الائنس کی جانب سے کل ممبئی میں ہونے والی میٹنگ میں موجود قائدین میں اعتماد کی کمی تھی۔

***** ***** *****

***** ***** ***** ***** ***** *****

## یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں

***** ***** ***** ***** ***** *****

شیوسینا اُدھو بالا صاحب ٹھاکرے پارٹی کے سربراہ اُدھو ٹھاکرے نے کل ناندیڑ اور ہنگولی کا دورہ کیا۔ کل دوپہر ناندیڑ طیرانگاہ پر سابق رکن اسمبلی انسویہ کھیڈکر اور یوا سینا کے ڈویژنل سیکریٹری مہیش کھیڈکر وغیرہ نے اُن کا استقبال کیا۔ اِس ک بعد ٹھاکرے نے ہنگولی ضلعے کے وسمت میں جلسہ ٔعام سے خطاب کیا۔ انھوں نے کہا کہ وہ اقتدار کے لالچی نہیں ہیں بلکہ عوام کی خدمت کرنے والے خادم ہیں۔ اِس موقعے پر انھوں نے مختلف مسائل کے حوالے سے بی جے پی پر کڑی تنقید کی۔

اِسی دوران ٹھاکرے آج صبح ساڑھے گیارہ بجے عمرکھیڑ میں اور دوپہر ایک بجے حدگاؤں میں پارٹی عہدیداروں سے بات چیت کریں گے۔

***** ***** *****

چھترپتی سنبھاجی نگر کے موجودہ رکن پارلیمان اِمتیاز جلیل اورنگ آباد لوک سبھا حلقے سے دوبارہ چُناؤ لڑنے جا رہے ہیں۔ کُل ہند مجلس اتحاد المسلمین کے قومی صدر اسد الدین اویسی نے کل حیدرآباد میں یہ اعلان۔ اویسی نے بہار کے کِشن گنج سے اختر الایمان کی امیدواری کا اور حیدرآباد لوک سبھا حلقے سے اپنے نام کا اعلان کیا۔

***** ***** *****

مرکزی وزیر مملکت اور ریپبلکن پارٹی آف انڈیا کے قومی صدر رام داس آٹھولے نے این ڈی اے کی اتحادی جماعت کے طور پر شرڈی اور شولا پور لوک سبھا سیٹوں کا مطالبہ کیا ہے۔ وزیر موصوف کل ناگپور میں ایک اخباری کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے۔ انھوں نے بتایا کہ بی جے پی کے قومی صدر جے پی نڈّا نے انہیں اِس سلسلے میں ہر ممکن تعاون کرنے کا یقین دلایا ہے۔

***** ***** *****

ریاستی حکومت کے ثقافتی اِدارے کے زیر اہتمام منعقد کیے گئے 62/ ویں ریاستی ڈرامہ مقابلے میں چھترپتی سنبھا جی نگر کے ڈرامے '' ناستی تُرشنا سموو دیاتھی '' کو دوسرے انعام سے نوازہ گیا۔ سنت کبیر تعلیمی اِدارے اور ایم جی ایم یونیورسٹی کے اشتراک سے پیش کیے گئے اِس ڈرامے کو امئے دکشن داس نے لکھا اور اِس کی ہدایت کاری ڈاکٹر سُریکھا مسارڑ نے انجام دی۔ شروتی کلکرنی کو ڈرامے میں اپنی اداکاری کے لیے چاندی کا تمغہ دیا گیا۔ اِس ڈرامے نے بیک گراوٗنڈ اسکور ' اسکرین پلے اور ڈائریکشن کے زمرے میں بھی ایوارڈس جیتے۔

***** ***** *****

ناندیڑ ضلعے کے عمری اور اردھا پور تعلقہ جات کے 17/ دیہاتوں کے کانگریس عہدیداران اور کارکنان نے کل بھارتیہ جنتا پارٹی میں شمولیت اختیار کر لی۔ رکن پارلیمنٹ اشوک چوہان نے اُن کا پارٹی میں استقبال کیا۔

***** ***** *****

لاتور شہر کے بازار میں ہفتہ وصولی کرنے والے ایک شخص کو پولس نے گرفتار کر لیا۔ 21/ سالہ اُس ملزم کا نام توحید اکبر پٹھان ہے۔ پولس نے اُسے اُسی علاقے سے گرفتار کیا جہاں اُس نے اپنے ساتھی کی مدد سے ہفتہ وصولی اور گاڑیوں کی توڑ پھوڑ کی تھی۔

***** ***** *****

دھاراشیو ضلع کے تلجا پور میں واقع تلجا بھوانی کالج میں نیشنل سروس اسکیم اور گرین کلب کے اشتراک سے پانی کے مسئلے پر مبنی دیوار پر تصویری نمائش کا افتتاح کالج کے پرنسپل میجر ڈاکٹر یشونت راؤ ڈوکے کے ہاتھوں عمل میں آیا۔ اِس موقعے پر ڈوکے نے مستقبل میں پانی کا مسئلہ حل کرنے کی خاطر پودے لگانے کی ضرورت کا اظہار کیا۔

***** ***** *****

کانگریس کے سینئر قائد اور لاتور ضلع پریشد کے سابق صدر میٹھا رام راٹھوڑ کل حیدر آباد کے ایک خانگی اسپتال میں علاج کے دوران انتقال ہوگیا۔ وہ 74/ برس کے تھے۔ رینا پور میں پسماندہ طبقات سیوا سنگھ سنستھا کے آشرم اسکول کے احاطے میں اُن کی آخری رسومات ادا کردی گئیں۔

***** ***** *****

**آخر میں اہم خبروں کی سرخیاں ایک مرتبہ پھر سن لیجیے ...**

- ☆ **سپریم کورٹ کی اسٹیٹ بینک آف انڈیا کو ہر انتخابی بانڈ کا نمبر عام کرنے کی ہدایت**
- ☆ **تمام سیاسی جماعتیں انتخابی قواعد وضوابط پر سختی سے عمل کریں ' ریاست کے چیف انتخابی افسر ایس چوک لِنگم کی اپیل**
- ☆ **شیوسینا اُدھو بالا صاحب ٹھاکرے پارٹی کے سربراہ اُدھو ٹھاکرے ناندیڑ اور ہنگولی کے 2/روزہ دورے پر**
- ☆ **اورنگ آباد لوک سبھا حلقے سے رکن پارلیمان اِمتیاز جلیل کو M I M کی جانب سے دوبارہ امیدواری**

**اور**

- ☆ **62/ ویں ریاستی ڈرامہ مقابلے میں چھترپتی سنبھاجی نگر کے ڈرامے '' ناستی ٹر شنا سمو ویادھی '' کو دوسرا انعام**

**علاقائی خبریں ختم ہوئیں**

**آپ یہ خبرنامہ ہمارے یوٹیوب چینل AIR چھترپتی سنبھاجی نگر پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔**

☆☆☆